© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## دارالعلوم کی مجلس تعلیمی کا اجلاس:

۱۷؍اکتوبر کو مجلس تعلیمی کا اجلاس حضرت مہتمم صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔حضرت مولانا انوارالحق صاحب نے تعطیلات کے بعد بروقت اسباق کے اہتمام ، کلاسوں اور کمروں میں حاضری، جمعرات کے روز مکمل اسباق کا اہتمام وغیرہ پر اساتذہ کرام اور انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا۔اور سہ ماہی امتحان کی تیاری اور پرچہ جات بروقت بنانے اور جمع کرنے کے احکامات جاری فرمائے۔اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ طلبہ کے علمی استعداد کو بڑھانے کے لئے آئندہ وفاق کا داخلہ سہ ماہی امتحان میں ۵۰ فیصد سے زائد نمبرات حاصل کرنے کی بنیاد پر منحصر ہوگا۔ نیز مولانا راشد الحق کی تجویز مسجد شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ پر بھی کام کی تیزی اور فنڈنگ کی کمی کی وجہ سے چندہ مہم کو تیز کرنے کی سفارش کی گئی۔ حضرت مہتمم صاحب نے تمام اساتذہ کرام سے اپیل کی کہ وہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

## حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی مصروفیات:

☆ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اکوڑہ خٹک کی عیدگاہ میں نماز عید پڑھائی اور قربانی وغیرہ سمیت موجودہ صورتحال پر تفصیلی خطاب فرمایا۔اجتماع میں گردونواح سے ہزاروں لوگ شریک ہوئے۔

☆ ۱۳؍اکتوبر کو ملاکنڈ ایجنسی بٹ خیلہ میں جناب رحیم اللہ خان کے گھر تشریف لے گئے اوران کے بھتیجے سلیم رضا کی وفات پر تعزیت کی۔اس کے بعد ملاکنڈ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔اس موقع پر مولانا یوسف شاہ بھی ہمراہ تھے۔

☆ سعودی عرب کی یوم آزادی کی تقریب میں سعودی سفیر کی دعوت پر اسلام آباد تقریب میں شرکت کی،اور سفیر سمیت دیگر اہم سیاسی رہنماؤں سے ملاقاتیں رہیں،راقم بھی حضرت والد صاحب کے ہمراہ تھا۔

## دارالعلوم حقانیہ کی وفاق المدارس کے امتحانات میں تینوں پوزیشن حاصل کرنے کا امتیاز

وفاق المدارس العربیہ کے سالانہ امتحانات میں دارالعلوم حقانیہ کے طلبہ نے اول ،دوم، سوم تینوں

© rasailojaraid.com